36948-ایسی کوئی دعاء نہیں جو خصوصا مقام ابراھیم پر مانگی جاتی ہو

سوال

کیا کوئی ایسی معین دعاء ہے جسے میں مقام ابرھیم پر مانگوں ؟

پسندیدہ جواب

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

بعض حجاج کرام اور عمرہ کرنے والے حضرات مقام ابراھیم کے پاس کھڑے ہو کر ایسی دعاء مانگتے ہیں جو کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ، اور کبھی تو بلند آواز سے دعاء مانگ کر مقام ابراھیم کے پیچھے طواف کی نماز پڑھنے والوں کو تکلیف دیتے ہیں .

مقام ابراھیم کے لیے کوئی دعاء نہیں بلکہ سنت تو یہ ہے کہ مقام ابراھیم پر ہلکی پھلکی نماز ادا کرے اور سلام پھیرتے ہی وہاں سے چل دے تاکہ وہ جگہ کسی دوسرے نماز ادا کرنے والے کے لئے چھوڑ دے کیونکہ وہ اس کا زیادہ حق دار ہے . اھ.